(xi) Will a precipitate of $Mg(OH)_2$ be formed if the pH of 0.001M aqueous $Mg(NO_3)_2$ solution is adjusted to 10? (Ksp of $Mg(OH)_2 = 4 \times 10^{-12}$)

Continued on the next page...........

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ۲۰۱۷ء (سالانہ)

وقت : ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

ماڈل پیپر کیمیا (پرچہ اوّل)

کل نشانات: ۶۸

(سائنس پری انجینیئرنگ اور پری میڈیکل گروپس)

(ایٹمی کمیتیں :۔ $(H=1\,a.m.u., C=12\,a.m.u., O=16\,a.m.u., Na=23\,a.m.u., Ag=108\,a.m.u.,$

$Al=27\,a.m.u., S=32\,a.m.u., Cl=35.5\,a.m.u, Ca=40\,a.m.u., N=14\,a.m.u., Mg=a.m.u.)$

حصہ 'ب' (مختصر جواب کے سوالات)

نشانات: ۴۰

نوٹ:۔ کسی دس جزوی سوالوں کے جوابات تحریر کیجئے۔تمام سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

۲۔ (i) مندرجہ ذیل کی تعریف کیجئے:

☆ محدود متعمل ☆ اتفاقی غلطی (Random error) ☆ مخصوص تعاملی مستقل ☆ انتھالپی

(ii) ہائی اسکول کی تجربہ گاہ میں آکسیجن کی تیاری کے لئے پوٹاشیم کلوریٹ اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔اگر عمل انگیز کی موجودگی میں 183.7g پوٹاشیم کلوریٹ کو مکمل طور پر جلایا جائے تو $39^{o}C$ اور 1200 تورد باؤ پر آکسیجن کا کتنا حجم حاصل ہوگا؟

$$2KClO_3 \xrightarrow[Heat]{Catalyst} 2KCl + 3O_2$$

(iii) گیس کے اُن متعلقہ قوانین کی تعریف کیجئے جن کا اطلاق درج ذیل مشاہدات پر ہوتا ہے:

☆ کسی غبارے کو ٹھنڈی جگہ پر رکھا جائے تو وہ سکڑ جاتا ہے۔ ☆ گیلی گیس کا دباؤ خشک گیس سے زیادہ ہوتا ہے۔

(iv) کیفین ایک بہت زیادہ استعمال ہونے والی قانونی طور پر جائز فعال نفسی دوا ہے۔ایک صنعتی تجزیاتی تجربہ گاہ میں 30 گرام کیفین کے ایک نمونہ کا تجزیہ کیا گیا جس میں 14.844 گرام کاربن، 1.557 گرام ہائڈروجن، 8.665 گرام نائٹروجن اور بقایا آکسیجن پائی گئی۔اس دوا کا تجرباتی فارمولا کیا ہے؟

(v) سنگ مرمر کے ریزوں اور ہائڈروکلورک ایسڈ کے درمیان تعامل درج ذیل ہے:

$$CaCO_{3(s)} + 2HCl_{(l)} \xrightarrow{25^{\circ}C} CaCl_{2(s)} + CO_{2(g)} + H_2O_{(l)}$$

اس تعامل کی شرح پر کیا اثر ہوگا اگر

☆ سنگ مرمر کے ریزوں کی بجائے پسا ہوا سنگ مرمر لیا جائے؟ ☆ درجہ حرارت کو بڑھا کر $35^{o}C$ کردیا جائے؟ توانائی کی تصویر بھی بنائیے۔

(vi) ایک کیمیادان نفوذی برتن کو استعمال کرتے ہوئے ایک نامعلوم گیس پر کام کررہا تھا۔اُس نے مشاہدہ کیا کہ یکساں حالات پر نامعلوم گیس کی نفوذی شرح $70.3cm^3/s$ جبکہ کاربن ڈائی آکسائڈ کی نفوذی شرح $60cm^3/s$ ہے۔نامعلوم گیس کا مالیکیولی وزن اور شناخت کیا ہے؟

(vii) حرحرکیات کے پہلے قانون کی تعریف کیجئے اور دباؤ۔حجم کام کی مساوات اخذ کیجئے۔

(viii) مندرجہ ذیل کے لئے ΔH معلوم کیجئے۔

$$CaO_{(s)} + SO_{3(g)} \longrightarrow CaSO_{4(s)} \qquad (\Delta H = ?)$$

جبکہ درج ذیل تعاملات کے ΔH قیمتیں دی گئی ہیں۔

$$H_{2(g)} + \frac{1}{2}O_{2(g)} \longrightarrow H_2O_{(l)} \qquad (\Delta H = -285.8\ Kj)$$

$$SO_{3(g)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow H_2SO_{4(l)} \qquad (\Delta H = -132.5\ Kj)$$

$$H_2SO_{4(g)} + Ca_{(s)} \longrightarrow CaSO_{4(s)} + H_{2(g)} \qquad (\Delta H = -602.5\ Kj)$$

$$Ca_{(s)} + \frac{1}{2}O_{2(g)} \longrightarrow CaO_{(s)} \qquad (\Delta H = -634.9\ Kj)$$

(ix) لی شیٹلیئر کا اصول بیان کیجئے۔اس تعامل $N_{2(g)} + O_{2(g)} Heat \rightleftharpoons 2NO_{(g)}$ کے لئے توازن کی سمت کی پیش گوئی کیجئے اگر درج ذیل رکاوٹیں استعمال کی جائیں:

☆ درجہ حرارت بڑھا دیا جائے۔ ☆ دباؤ کم کردیا جائے۔ ☆ مزید O_2 شامل کی جائے۔ ☆ برتن کا حجم زیادہ کردیا جائے۔

(x) ایک تیزاب اساس ٹائٹریشن کے دوران HCl کو بیورٹ میں صفر نشان تک بھرا گیا اور 0.085M کے حامل Na_2CO_3 محلول کا 20ml مخصوص انڈیکیٹر کے ساتھ مخروطی صراحی میں ڈالا گیا:

☆ اس ٹائٹریشن کے لئے مناسب انڈیکیٹر کا نام اور رنگ کی تبدیلی بھی بتائیے۔

☆ اگر نقطۂ آخر پر بیورٹ کی ریڈنگ 13.7ml تھی تو HCl کی مولیریٹی معلوم کیجئے۔

(ورق الٹیے)

(xii) Derive Rydberg equation for Hydrogen atom if the energy of revolving electron in nth orbit is:

$$E_{(total)} = \frac{-2\pi^2 mz^2 e^4}{n^2 h^2}$$

(xiii) The experimented Lab report for the kinetic study of a reaction, A + B ⟶ C, at 660°C is given as:

Exp. No.	Initial conc. (mole/dm^3)		Initial rate of formation of C (mole/dm^3.s)
	A	B	
1	0.010	0.010	2.5×10^{-5}
2	0.020	0.010	1.0×10^{-4}
3	0.010	0.020	5×10^{-5}

Using this data, determine the
* Order of reaction
* Rate constant

(xiv) Predict and draw the shape of BF_3 and H_2O molecules on the basis of VSEPRT.

(xv) Give scientific reasons for the following:
* Viscosity of a liquid decreases at high temperature
* I.P. of Nitrogen is greater than that of Oxygen
* Sigma bond is stronger than pi bond
* Unlike gases, liquids and solids can not be compressed easily

SECTION 'C'
(DETAILED-ANSWER QUESTIONS) marks: 28

Note: Answer any two questions. All questions carry equal marks.

Q.3 (a) What is atomic orbital hybridization? Draw and explain hybridization in Ethene (C_2H_4) and Ammonia (NH_3) molectules. (5)

(b) What do you understand by the term "Dative bond"? Explain the formation of Dative bond in NH_4^+ ion and CH_3NO_2 molecule. (5)

(c) Kc for the reaction $H_{2(g)} + I_{2(g)} \rightleftharpoons 2HI_{(g)}$ at 700°C is 55. Calculate the equilibrium conc. of reactant and product when the initial conc. of H_2 and I_2 are 2.55 mole/dm^3 each. (4)

Q.4 (a) Describe Gold foil experiment with its conclusions for the discovery of Nucleus in an atom. Also mention its two drawbacks. (5)

(b) Balance any one of the following equations by ion electron method using desired medium. (4)

$$HI + HNO_3 \longrightarrow NO + I_2 + H_2O$$

$$Zn + NaNO_3 + NaOH \longrightarrow Na_2ZnO_2 + NH_3 + H_2O$$

(c) State Pauli's rule and Hund's rule and write the electronic configuration of Br^- (Z = 35), K^+ (Z=19) and Cr(Z = 24). (5)

Q.5 (a) A voltaic cell, (emf = 0.76v) is made up of standard hydrogen electron (SHE) and Zinc electrode is represented by $Zn \mid Zn^{+2}_{(aq)}\ (1M) \parallel 2H^{+}_{(aq)} \mid H_2$;. (5)
* Draw the complete diagram of this cell, showing the direction of electron flow in the circuit and direction of +ve and –ve ions in the salt bridge.
* Write the half reactions and the overall cell reaction
* Determine the reduction potential of Zinc mentioning its sign

(b) What is capillary action? Explain the following observations: (5)
* Mercury forms convex meniscus while water forms concave meniscus.
* Ink spreads on blotting paper.

(c) Differentiate between any two of the following: (4)

* Isomorphous and polymorphous solid
* Hydration and Hydrolysis
* Polar bond and Non-polar bond

---------------xxxxxxxxxx---------------

(xi) کیا $Mg(OH_3)_2$ کا رسوب بن جائے گا اگر $Mg(No_3)_2$ کے 0.001M آبی محلول کا pH 10 تک کردیا جائے؟
(K_{sp} کا $Mg(OH)_2 = 4\times10^{-12}$)

(xii) ہائیڈروجن ایٹم کے لئے Rydberg مستقل کی مساوات اخذ کیجئے اگر الیکٹران کی nth آربٹ میں توانائی درج ذیل ہے:

$$E_{total} = \frac{-2\pi^2 mz^2 e^4}{n^2 h^2}$$

(xiii) $A + B \rightarrow C$ کے $660C^o$ پر تعاملی شرح کے تجربے کی مرتب شدہ لیبارٹری کی تجرباتی رپورٹ درج ذیل ہے:

Exp. No.	Initial conc. (mole/dm^3)		Initial rate of formation of C (mole/dm^3.s)
	A	B	
1	0.010	0.010	2.5×10^{-5}
2	0.020	0.010	1.0×10^{-4}
3	0.010	0.020	5×10^{-5}

اس ڈیٹا کو استعمال کرتے ہوئے معلوم کیجئے:

☆ تعامل کا آرڈر ☆ شرح مستقل

(xiv) VSEPRT کے نظریہ کی روشنی میں BF_3 اور H_2O کے مالیکیولوں کی اشکال کی پیش گوئی کیجئے اور انکا خاکہ بنائے۔

(xv) درج ذیل کی سائنسی وجوہات بتائیے۔

☆ بلند درجہ حرارت پر مائع کا گاڑھا پن کم ہوجاتا ہے ☆ نائیٹروجن کی آئن سازی پوٹینشل آکسیجن کی نسبت زیادہ ہوتی ہے

☆ پائی بانڈ سے سگما بانڈ زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔ ☆ ٹھوس اور مائعات کو گیسوں کی طرح آسانی سے نہیں دبایا جاسکتا۔

حصہ 'ج' (تفصیلی جواب کے سوالات) نشانات: ۲۸

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۳۔ (الف) ایٹمی آربٹل اختلاط کسے کہتے ہیں۔ C_2H_4 اور NH_3 میں اختلاط کی تصویر کے ذریعہ وضاحت کیجئے۔ ۵

(ب) Dative بانڈ کی اصطلاح سے کیا مراد ہے؟ NH_4^+ آئن اور CH_3NO_2 مالیکیول میں Dative بانڈ کی بناوٹ کی وضاحت کیجئے۔ ۵

(ج) $H_{2(g)} + I_{2(g)} \rightleftharpoons 2HI_{(g)}$ کے لئے Kc کی قیمت $700°C$ پر 55 ہے۔ ۴
اگر H_2 اور I_2 میں سے ہر ایک کا ابتدائی ارتکاز $2.55 mole / dm^3$ ہو تو H_2، I_2 اور HI کی توازنی ارتکاز معلوم کیجئے۔

۴۔ (الف) ایٹم میں نیوکلیس کی دریافت کے لئے سونے کے ورق کا تجربہ اور اس سے اخذ کردہ نتائج بیان کیجئے نیز اس نظریہ کی دو خامیاں لکھئے۔ ۵

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک مساوات کو آئن الیکٹران کے طریقہ سے متعلقہ میڈیم میں متوازن کیجئے۔ ۴

$$HI + HNO_3 \longrightarrow NO + I_2 + H_2O$$

$$Zn + NaNO_3 + NaOH \longrightarrow Na_2ZnO_2 + NH_3 + H_2O$$

(ج) پالی اور ہنڈ کے قوانین بیان کیجئے۔ نیز $\bar{Br}(Z=35)$، $K^+(Z=19)$ اور $Cr(Z=24)$ کی الیکٹرانی ترتیب لکھئے۔ ۵

۵۔ (الف) ایک وولٹائی سیل (emf = 0.76 volt) جو معیاری ہائیڈروجن الیکٹروڈ (SHE) اور زنک الیکٹروڈ پر مشتمل ہے۔ ۵
$Zn | Zn^{+2}_{(aq)}$ (1M) || $2H^+_{(aq)} | H_2$; سے ظاہر کیا جاتا ہے:

☆ اس سیل کا مکمل خاکہ بنائیے جس میں کرنٹ کے بھاؤ کی سمت اور سالٹ برج میں آئنوں کے بھاؤ کی سمت دکھائیے۔

☆ دونوں نصف سیل تعاملات اور ان کا مجموعی تعامل لکھئے۔

☆ زنک کا تخفیفی پوٹینشل نکالئے اور اس کی علامت دکھائیے۔

(ب) capilary action کیا ہے؟ درج ذیل طبعی مشاہدات کی وضاحت کیجئے: ۵

☆ پارہ محدب سطح بناتا ہے جبکہ پانی مقعر سطح بناتا ہے۔ ☆ سیاہی جاذب کاغذ پر پھیلتی ہے۔

(ج) درج ذیل میں سے کسی دو میں فرق بتائیے۔ ۴

☆ ہم شکلی اور کثیر شکلی ٹھوس ☆ آبیدگی اور آب پاشیدگی ☆ قطبی بانڈ اور غیر قطبی بانڈ

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, KARACHI

INTERMEDIATE EXAMINATION, (ANNUAL) 2017

Time: 20 minutes **MODEL QUESTION PAPER - CHEMISTRY PAPER – II** Max. Marks: 17

(Science Pre-Engineering & Pre-Medical Groups)

SECTION 'A'
(MULTIPLE CHOICE QUESTIONS) – (M.C.Qs.)

NOTE:
i) This section consists of 17 part questions and all are to be answered. Each question carries one mark.
ii) Do not copy the part questions in your answerbook. Write only the answer in full against the proper number of the question and its part.

1. Choose the correct answer for each from the given options:

i) In Lothar Meyer atomic volume curve, each peak represents:
* Alkali metal * Noble gas * Halogen * Coinage metal

ii) The atomic number of an element is 23. Identify its group and period in the periodic table:
* 3rd period and IIIB group * 4th period and IB group
* 3rd period and IIB group * 4th period and IIIB group

iii) Hydrogen resembles, to some extent in properties, this set of groups in the periodic table:
* IA, IVA and VII A elements * IIIA, IVA and VA elements
* IIA, IVA and VI A elements * IA, IVA and VI A elements

iv) Hydrides having non-stoichiometric composition are called:
* Complex hydrides * Metallic hydrides
* Polymeric hydrides * Covalent hydrides

v) Permanent hardness of water can be removed by treating it with:
* Washing soda * Baking soda * Caustic soda * Lime water

vi) This alloy of Aluminium is used in manufacturing aeroplane bodies:
* Magnalium * Duralumin * Alnico * Aluminium bronze

vii) Nitric acid is frequently transported in containers made of:
* Aluminium * Iron * Copper * Silver

viii) Galvanized Iron is protected by a thin layer of:
* Cr * Zn * Sn * Pb

ix) On catalytic cracking, Decane gives three fragments. Identify the third fragment:

$$C_{10}H_{22} \longrightarrow C_5H_{12} + C_2H_4 + ?$$

* C_3H_8 * C_3H_4 * C_3H_6 * C_4H_8

x) Acrylonitrile is formed when Ethyne reacts with:
* HOCl * HCN * HI * H_2O

xi) Only this one of the compound given below obeys Markownikoff rule on reaction with HCl:
* $CH_3-CH=CH_2$ * $CH_2=CH_2$
* $(CH_3)_2C=C(CH_3)_2$ * $Cl_2C=CCl_2$

xii) Alkyl halides are commonly prepared from alcohols:

$$Alcohol + Reagent \longrightarrow Alkyl\ halide$$

Only this one of the following cannot be used as reagent in this reaction:
* PCl_3 * $SOCl_2$ * $HCl / ZnCl_2$ * $K_2Cr_2O_7 / H_2SO_4$

xiii) In the manufacturing of Methanol, Hydrogen is reacted with:
* Carbon dioxide * Methane * Carbon monoxide * Chloromethane

xiv) Among the following, this has the largest radius:
* P^{3-} * Cl^- * Ar * K^+

xv) Bloor's reagent contains Ethyl alcohol and:
* Diethyl ether * Methyl alcohol * Acetic acid * Ethylene glycol

xvi) This vitamin is water-soluble:
* Retinol * Ascorbic acid * Calciferol * Tocopherol

xvii) While cooking food, these components are lost to the maximum extent:
* Fats * Carbohydrates * Proteins * Vitamins

--------------xxxxxxxxxx--------------

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ۲۰۱۷ء (سالانہ)

وقت: ۲۰ منٹ — ماڈل پیپر کیمیا (پرچہ دوم) — کل نشانات: ۱۷

(سائنس پری انجینیئرنگ اور پری میڈیکل گروپس)

حصہ 'الف' (کثیرالانتخابی سوالات - .M.C.Qs)

نوٹ: (i) اس حصہ میں سترہ جزوی سوالات ہیں۔ تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں اور ہر سوال کا ایک نمبر ہے۔

(ii) اپنی جوابی کاپی میں جزوی سوال کو نقل نہ کیجئے۔ سوال اور اس کے جز کا درست نمبر پرچہ کے مطابق لکھ کر صرف مکمل جواب تحریر کیجئے۔

۱۔ دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب منتخب کیجئے:

i) Lothar Meyer کے ایٹمی حجم والے curve میں ہر اُبھار (Peak) اس کو ظاہر کرتا ہے:

☆ الکلی دھات ☆ سکہ دھات ☆ ہیلوجن ☆ نوبل گیس

ii) ایک عنصر کا ایٹمی نمبر 23 ہے۔ پیریاڈک ٹیبل پر اس کے گروپ اور پیریڈ کی شناخت کیجئے:

☆ تیسرا پیریڈ اور IIIB گروپ ☆ چوتھا پیریڈ اور IB گروپ ☆ تیسرا پیریڈ اور IIB گروپ ☆ چوتھا پیریڈ اور IIIB گروپ

iii) خواص میں ہائڈروجن سے کسی حد تک دوری جدول کے ان گروپس کے set سے مشابہ ہے:

☆ IA، IVA اور VIIA کے عناصر ☆ IIIA، IVA اور VA کے عناصر

☆ IIA، IVA اور VIA کے عناصر ☆ AI، IVA اور VIA کے عناصر

iv) stoichiometrical مرکبی ترکیب نہ رکھنے والے ہائڈرائڈز کہلاتے ہیں:

☆ پیچیدہ ہائڈرائڈز ☆ دھاتی ہائڈرائڈ ☆ آئنی ہائڈرائڈ ☆ کوویلینٹ ہائڈرائڈ

v) پانی کی مستقل سختی کو اس کے استعمال سے دور کیا جاسکتا ہے:

☆ دھوبی سوڈا ☆ کاسٹک سوڈا ☆ کھانے کا سوڈا ☆ چونے کا پانی

vi) ہوائی جہاز کے ڈھانچے بنانے کے لئے ایلومینیم کا یہ بھرت استعمال کیا جاتا ہے:

☆ Aluminium bronze ☆ Alnico ☆ Duralumin ☆ Magnalium

vii) نائٹرک ایسڈ کے لئے اکثر اس سے بنے ہوئے کنٹینرز استعمال کئے جاتے ہیں:

☆ Silver ☆ Copper ☆ Iron ☆ Aluminium

viii) لوہے کی جست کاری کے لئے اس دھات کی پتلی تہہ چڑھائی جاتی ہے:

☆ Pb ☆ Sn ☆ Zn ☆ Cr

ix) عمل انگیز کی موجودگی میں Decane کی Cracking کے نتیجے میں تین اجزاء بنتے ہیں۔ تیسرے جُز کی شناخت کیجئے:

$$C_{10}H_{22} \longrightarrow C_5H_{12} + C_2H_4 + ?$$

☆ C_4H_8 ☆ C_3H_6 ☆ C_3H_4 ☆ C_3H_8

x) اس کے ساتھ Ethyne کے تعامل کے نتیجے میں Arylonitrile حاصل ہوتا ہے:

☆ HOCl ☆ HCN ☆ HI ☆ H_2O

xi) HCl کے ساتھ تعامل کے دوران درج ذیل مرکبات میں سے یہ Markownikoff کے اصول کی پابندی کرتا ہے:

☆ $CH_3-CH=CH_2$ ☆ $CH_2=CH_2$ ☆ $(CH_3)_2C=C(CH_3)_2$ ☆ $Cl_2C=CCl_2$

xii) الکائیل ہیلائڈ عام طور پر الکحل سے تیار کئے جاتے ہیں:

$$Alcohol + Ragent \longrightarrow Alkyl\ halide$$

درج ذیل میں سے صرف یہ ایک بطور Reagent مندرجہ بالا تعامل میں استعمال نہیں ہوسکتا۔

☆ PCl_3 ☆ $SOCl_2$ ☆ $HCl / ZnCl_2$ ☆ $K_2Cr_2O_7 / H_2SO_4$

xiii) Methanol کی تیاری میں ہائڈروجن کو اس کے ساتھ تعامل کرایا جاتا ہے:

☆ Chloromethane ☆ Carbon monoxide ☆ Methane ☆ Carbon dioxide

xiv) درج ذیل میں سے اس کا نصف قطر سب سے بڑا ہوتا ہے:

☆ K^+ ☆ Ar ☆ Cl^- ☆ P^{-3}

xv) Bloor's reagent میں شامل ہے Ethylalcohol اور:

☆ Acetic acid ☆ Methyl alcohol ☆ Diethyl ether ☆ Ethylene glycol

xvi) یہ وٹامن پانی میں حل پذیر ہے:

☆ Retinol ☆ Ascorbic acid ☆ Calciferol ☆ Tocopherol

xvii) کھانا پکانے کے دوران غذا کے یہ اجزاء بہت حد تک ضائع ہوجاتے ہیں:

☆ چکنائیاں ☆ کاربوہائیڈریٹ ☆ پروٹین ☆ وٹامن

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, KARACHI

INTERMEDIATE EXAMINATION, (ANNUAL) 2017

Time: 2 hours 40 minutes **MODEL QUESTION PAPER - CHEMISTRY PAPER – II** Max. Marks: 68

(Science Pre-Engineering & Pre-Medical Groups)

SECTION 'B'

(SHORT-ANSWER QUESTIONS) **Marks: 40**

Note: **Attempt any ten part questions. Five from Organic and five from inorganic chemistry. All questions carry equal marks.**

INORGANIC CHEMISTRY

2. (i) Refer to the list of given compounds

Compound	A	B	C	D
Specific Name	Gypsum	Borax	Red Lead	Potash Alum

Write:

a) The formulae of **B** and **D**.
b) Only one common use of **D**.
c) The equation for the preparation of **C**.
d) The equation for the reaction when 'A' is heated to 100°C

(ii) State the periodic law of Moseley and give three prominent discrepancies in Mendeleev's system of classification of elements.

(iii) How is Atomic Hydrogen prepared? State its use in welding torch.

OR

Explain the following behaviour of Diamond and Graphite.

* Electric conduction * Hardness

(iv) Give complete and balanced equations for the following reactions:

* Zinc is put in 90% concentrated Sulphuric acid
* Excess of Ammonia is passed through a solution of blue vitriol
* CO_2 is passed through an aqueous solution of Soda Ash
* Nitric acid is treated with Hydrogen sulphide

(v) Discuss any two of the following properties of transition elements.

* Magnetic Property * Catalytic Property
* Complex Formation * Formation of coloured compounds

(vi) Give I.U.P.A.C. names of the following complexes:

* $[Co(Cl)_6]^{-3}$ * $[Cr(en)_3]^{+3}$ * $Na_3[Fe(CN)_5NO]$ * $[Pt(NO_2)_4(NH_3)_2]$

(vii) Describe the chemistry involved in Castner Kellner cell for the manufacture of Caustic Soda. (Diagram is not required)

(viii) Give scientific reasons of the following:

* Alkali metals are powerful reducing agents
* Alkaline earth metals are harder than alkali metals.
* H^+ and H^- ions behave differently in water.
* Li^+ ion has much higher value of heat of hydration than Cs^+.

ORGANIC CHEMISTRY

(ix) Define the following with examples.

* Homologous Series * Catenation
* Essential amino acids * Peptide linkage

(x) The structures of two significant organic molecules (Y and Z) are shown below:



(Y) (Z)

* Draw and explain the hybrid orbitals structure of **Y**
* Write the equation for the preparation of **Y** and **Z** if 1,2-Dichloroethane is taken as raw material.

(xi) What are Carbonyl compounds? Taking Formaldehyde as starting material, write the equations for the formation of following compounds.

* Oxime * Meta-formaldehyde * Methanol

(xii) Write the classification of Organic compounds with examples.

Continued on the next page............

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

ماڈل پیپر ۲۰۱۷ء (سالانہ)

کیمیا (پرچہ دوم)

کل نشانات: ۶۸

(پری انجینئرنگ اور پری میڈیکل گروپس)

وقت : ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

حصہ 'ب' (مختصر جواب کے سوالات)

نشانات: ۴۰

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دس جزوی سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ پانچ سوالات کا انتخاب غیر نامیاتی کیمیا سے اور پانچ سوالات کا انتخاب نامیاتی کیمیا سے کیجیے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(غیر نامیاتی کیمیا)

۲۔ (i) درج ذیل مرکبات کی فہرست کو مدنظر رکھتے ہوئے جوابات لکھیے :

Compound	A	B	C	D
Specific Name	Gypsum	Borax	Red Lead	Potash Alum

(الف) B اور D مرکبات کے فارمولے۔ (ب) D کا صرف ایک عام استعمال۔

(ج) C کی تیاری کی مساوات۔ (د) A کو $100^\circ C$ پر گرم کرنے پر واقع ہونے والے تعامل کی مساوات لکھیے۔

(ii) Moseley کا پیش کردہ پیریاڈک قانون بیان کیجیے اور عناصر کی جماعت بندی کے Mendeleev کے نظام کی تین اہم خامیاں لکھیے۔

(iii) ایٹمی ہائڈروجن کیسے تیار کی جاتی ہے؟ ویلڈنگ ٹارچ میں اس کا استعمال بتایئے۔

یا

ہیرے اور گریفائیٹ کے درج ذیل برتاؤ پر بحث کیجیے۔

☆ برقی بہاؤ ☆ سختی

(iv) درج ذیل مساوات کو مکمل اور متوازن کیجیے۔

☆ Zinc کو 90 فیصد طاقتور Sulphuric acid میں ڈالا جائے۔ ☆ نیلے تھوتھے کے محلول میں وافر Ammonia گیس کو گزارا جائے۔

☆ Soda ash کے آبی محلول میں CO_2 کو گزارا جائے ☆ Nitric acid کا Hydrogen Sulphide کے ساتھ تعامل کرایا جائے۔

(v) انتقالی عناصر کی مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو خصوصیات پر بحث کیجیے:۔

☆ مقناطیسی خصوصیت ☆ عمل انگیز خصوصیت ☆ پیچیدہ مرکبات کی بناوٹ ☆ رنگین مرکبات کی بناوٹ

(vi) درج ذیل پیچیدہ مرکبات کے I.U.P.A.C. نام لکھیے۔

☆ $Na_3\left[Fe(CN)_5NO\right]$ ☆ $\left[Co(Cl)_6\right]^{-3}$ ☆ $\left[Pt(NO_2)_4(NH_3)_2\right]$ ☆ $[Cr(en)_3]^{+3}$

(vii) Castner Kellner سیل میں Caustic soda کی صنعتی تیاری کی کیمیا بیان کیجیے (تصویر کی ضرورت نہیں ہے)

(viii) درج ذیل کی سائنسی وجوہات بیان کیجیے:

☆ الکلی دھاتیں طاقتور تخفیفی عامل ہیں۔ ☆ الکلی زمینی دھاتیں الکلی دھاتوں سے زیادہ سخت ہوتی ہیں۔

☆ H^+ اور H^- آئنوں کا پانی کے ساتھ برتاؤ مختلف ہوتا ہے۔ ☆ Li^+ آئن کی حرارت آبیدگی Cs^+ آئن سے بہت زیادہ ہے۔

(نامیاتی کیمیا)

(ix) مندرجہ ذیل کی تعریف امثال کے ساتھ کیجیے:۔

☆ مماثل سلسلے ☆ Catenation

☆ Peptide بندھن ☆ Amino acids

(x) دو اہم نامیاتی مالیکیولوں (Y اور Z) کی ساخت درج ذیل ہے:



☆ Y کی مخلوط آربٹل ساخت بنایئے اور اس کی وضاحت کیجیے۔

☆ 1, 2 – Dichloroethane بطور خام مال استعمال کرتے ہوئے Y اور Z کی تیاری کی مساوات لکھیے۔

(xi) کاربونائل مرکبات کیا ہیں؟ Formaldelyde کو بطور خام مال لیتے ہوئے درج ذیل مرکبات کی تیاری کی مساوات لکھیے۔

☆ Methanol ☆ meta-Formaldehyde ☆ Oxime

(xii) نامیاتی مرکبات کی جماعت بندی بمعہ امثال لکھیے۔

(xiii) بینزین کے دوسرے تبدلی تعامل میں میٹا رہنما اور غیر عامل گروپ کا کیا کردار ہوتا ہے؟ درج ذیل تبدیلیوں کی مساوات لکھیے۔

☆ Benzene ⇐ m- Nitrotoulene ☆ Chlorobenzene ⇐ Picric acid

(xiv) Grignard متعامل کی تیاری میں غیر آبیدہ Ether کیوں استعمال کی جاتی ہے؟ CH_3MgBr سے درج ذیل مرکبات بنانے کی مساوات لکھیے۔

☆ سرکہ ☆ 3° Butyl alcohol ☆ Ethane

(ورق الٹیے)

(xiii) What is the action of meta-directing and de-activating group in the addition of second substituent in Benzene. Write chemical equations for the following conversions.

* Benzene to m- Nitrotoulene * Chlorobenzene to Picric acid

(xiv) Why is dry Ether used in the preparation of Grignard reagent? Write equations for the preparation of following compounds from Methyl magnesium bromide:

* Vinegar * 3^o Butyl alcohol * Ethane

(xv) Write the equations for the following organo-chemical processes and name the final products:

- * Ethyne is hydrolysed with hot water in the presence of $HgSO_4$ and H_2SO_4 at 75°C.
- * Reaction of Isopropyl chloride with Sodium metal in the presence of anhydrous Ether.
- * Action of Ethene with Sulphur monochloride
- * Vapours of Acetic acid are passed over MnO_2 at 500°C

(xvi) Name the following compounds by I.U.P.A.C method.

a) $CH_2=CH-CH_2-\overset{\overset{O}{\|}}{C}-CH_3$

b) $Br_3C-\overset{\overset{O}{\|}}{C}-OH$

c) $(CH_3)_3C-\overset{\overset{O}{\|}}{C}-OCH_3$

d) $HC\equiv C-\underset{}{\overset{CH_3}{CH}}-CH_2-\underset{C_2H_5}{\overset{CH_3}{C}}-CH=CH_2$

e) $(CH_3)_2CH-O-CH_3$

SECTION 'C' **Marks: 28**

(DETAILED-ANSWER QUESTIONS)

Note: Attempt only two questions, one from Inorganic Chemistry and the other from Organic Chemistry. All questions carry equal marks.

INORGANIC CHEMISTRY

Q.3 (a) The flow chart represents stages in the manufacture of H_2SO_4 by contact process.



* Describe the chemical process in stage **R** along with the conditions for maximum conversion.

* Explain why the removal of impurities from SO_2 is necessary before stage **R**.

* Describe the process in stage **S** and **T**

(b) Complete and balance the following equations:

- $MgO+C+Cl_2\longrightarrow$ * $Ca(OH)_2+Cl_2\longrightarrow$ * $Na_2CO_3+SiO_2\xrightarrow{\Delta}$
- * $Al+KOH+H_2O\longrightarrow$ * $PbCrO_4+NaOH\longrightarrow$

(c) Describe the classification of elements in the long form of periodic table on the basis of electronic configuration.

4. (a) Aluminium is obtained on industrial scale from Alumina in typical electrolytic cell. Describe the electrochemical processes taking place in the cell. Explain the purpose of adding Cryolite and flourspar.

(b) Define the term Binary compounds of Hydrogen. Name their various classes. Also give the preparation and properties of salt-like hydrides.

(c) Explain any one of the following:

* Corrosion and its prevention * Silvering of mirrors

ORGANIC CHEMISTRY

5. (a) Define Fermentation. How is Ethanol obtained by the fermentation of starch? Give the composition and significance of Methylated spirit.

(b) Outline the reaction mechanism of the following:

* Isopropylation in Benzene * Unimolecular elimination reaction in Alkyl halide

(c) What is meant by reducing and non-reducing sugars? Draw the structure of Sucrose showing Glycosidic linkage.

6. (a) Explain the molecular orbital treatment for the structure of Benzene.

(b) Draw the structural formulae of the following organic molecules:

* Neo-pentyl alcohol * Terephthalic acid * $\beta-$Naphthol

* p-Xylene * Triphenylamine

(c) What are Detergents? Why are they better than soap and how do they work?

OR

What is meant by Thermosetting plastic and Thermoplastic? Draw the structures of PVC and Bakelite.

--------------xxxxxxxxxx--------------

(xv) درج ذیل نامیاتی کیمیائی عملیات کی مساوات لکھئے اور حتمی حاصلات کے نام لکھئے۔

☆ Ethyne کی H_2SO_4 اور $HgSO_4$ کی موجودگی میں $75^o C$ پر گرم پانی کے ساتھ آب پاشیدگی۔

☆ سوڈیم دھات کا Isopropyl chloride سے غیر آبیدہ Ether کی موجودگی میں تعامل۔

☆ Ethene کا Sulphur monochloride سے تعامل۔

☆ Acetic acid کے بخارات کو MnO_2 پر سے $500^o C$ پر گزارا جائے۔

(xvi) I.U.P.A.C. کے طریقے سے درج ذیل نامیاتی مرکبات کے نام لکھئے۔

(الف) $CH_2=CH-CH_2-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-CH_3$ (ب) $Br_3C-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OH$ (ج) $(CH_3)_3C-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OCH_3$

(د) $HC\equiv C-CH-CH_2-\underset{C_2H_5}{\overset{CH_3}{C}}-CH=CH_2$ (with CH_3 on the CH) (ہ) $(CH_3)_2CH-O-CH_3$

حصہ 'ج' (تفصیلی جواب کے سوالات) نشانات: ۲۸

نوٹ:۔ کُل دو سوالات حل کیجئے ایک سوال غیر نامیاتی کیمیا اور دوسرا سوال نامیاتی کیمیا سے۔ دونوں سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

(غیر نامیاتی کیمیا)

۔۳ (الف) درج ذیل بہاؤ چارٹ میں contact کے طریقہ سے Sulphuric acid کی تیاری کے مراحل ظاہر کئے گئے ہیں۔



☆ R مرحلے میں ہونے والا کیمیائی عمل زیادہ سے زیادہ حصول کیلئے ضروری شرائط کے ساتھ بیان کیجئے۔

☆ واضح کیجئے کہ R مرحلے سے پہلے SO_2 میں موجود ملاوٹوں کا اخراج کیوں ضروری ہوتا ہے۔

☆ S اور T مرحلوں میں ہونے والے کیمیائی عملیات بیان کیجئے۔

(ب) درجہ ذیل مساوات کو مکمل اور متوازن کیجئے۔

☆ $MgO+C+Cl_2\longrightarrow$ ☆ $Ca(OH)_2+Cl_2\longrightarrow$ ☆ $Na_2CO_3+SiO_2\xrightarrow{\Delta}$

☆ $Al+KOH+H_2O\longrightarrow$ ☆ $PbCrO_4+NaOH\longrightarrow$

(ج) لمبی شکل والے دوری جدول میں الیکٹرانی ترتیب کے لحاظ سے عناصر کی جماعت بندی بیان کیجئے۔

۔۴ (الف) صنعتی پیمانے پر خالص Alumina سے برق پاشیدگی سیل میں Aluminium حاصل کیا جاتا ہے۔ سیل میں وقوع پذیر ہونے والے تمام کیمیائی عمل تحریر کیجئے نیز Cryolite اور flourspar کی شمولیت کی وجہ بیان کیجئے۔

(ب) Hydrogen کے دوہرے مرکبات کی اصطلاح کی تعریف کیجئے۔ ان کی مختلف جماعتوں کے نام لکھئے۔ نیز نمک نما Hydrides کی تیاری اور خصوصیات لکھئے۔

(ج) درج ذیل میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجئے۔

☆ زنگاری اور اس سے بچاؤ ☆ آئینہ سازی

(نامیاتی کیمیا)

۔۵ (الف) خمیر کی تعریف کیجئے۔ Starch کی تخمیر سے Ethanol کیسے تیار کی جاتی ہے؟ نیز Methylated Spirit کی ترکیب اور اہمیت بیان کیجئے۔

(ب) درج ذیل تعاملات کی میکانیات تحریر کیجئے:۔

☆ Benzene میں Isopropylation ☆ Alkyl halide میں یک مالیکیولی اخراجی تعامل

(ج) تخفیفی اور غیر تخفیفی شکریات سے کیا مراد ہے؟ Sucrose کی ساخت بنایئے اور اس میں Glycosidic بندھن دکھایئے۔

۔۶ (الف) Benzene کی مالیکیولی آربٹل ساخت بیان کیجئے۔

(ب) درج ذیل نامیاتی مالیکیولوں کے ساختی فارمولے بنایئے۔

☆ Neo-pentyl alcohol ☆ Terephthalic acid ☆ β-Naphthol

☆ p-Xylene ☆ Triphenylamine

(ج) Detergents کیا ہیں؟ یہ صابن سے کیونکر بہتر ہوتے ہیں اور یہ کس طرح عمل کرتے ہیں؟

یا

Thermoseting پلاسٹک اور Thermo پلاسٹک سے کیا مراد ہے؟ PVC اور Bakelite کی ساخت بنایئے۔

-------XXXXXX-------

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, KARACHI

INTERMEDIATE EXAMINATION, 2017 (ANNUAL)

Time: 20 minutes **(Model Question Paper) PHYSICS PAPER – I** Max. Marks: 17

SECTION 'A'

(MULTIPLE CHOICE QUESTIONS) – (M.C.Qs.)

NOTE:
- i) This section consists of 17 part questions and all are to be answered. Each question carries one mark.
- ii) Do not copy the part questions in your answerscripts. Write only the answer in full against the proper number of the question and its part.
- iii) The use of scientific calculator is allowed. All notations are used in their usual meanings.

1. Select the most appropriate answer for each from the given options:

i) If a vector $\vec{A}$ lies in xy-plane and it makes an angle 'θ' with y-axis, its y-component is:
* $Ay = A \cos\theta$
* $Ay = A \sec\theta$
* $Ay = A \sin\theta$
* $Ay = A \tan\theta$

ii) Two forces which form a couple:
* can be replaced by a single equivalent force
* cannot be replaced by a single equivalent force
* are perpendicular to each other
* are parallel to each other

iii) It is better to use a long spanner rather than a short one to tighten a nut or a bolt because:
* Less force is needed by the user
* Force of friction decreases
* Less turning effect is required on the spanner
* Force of friction increases

iv) The belt of an astronaut attached to a Point inside the spacecraft orbiting around the earth accidentally gets detached, the astronaut will:
* Fall on the earth
* Go into outer space
* Remain in the spacecraft
* Orbit around the earth's moon

v) A boy performs an experiment to measure the acceleration of free fall of a body. These dimensions are needed:
* The height and the time of fall
* The height and the quantities of the body
* The mass of the body and the height
* The mass of the body and the time of fall

vi) Two spheres, of similar mass m, are travelling with speed v, towards each other. The spheres have a head-on elastic collision:
* The spheres stick together on impact
* The total K.E. after impact is mv^2
* The total K.E. before impact is zero
* The total momentum before impact is 2mv

vii) A girl throws a ball vertically upward. Neglecting air resistance, which one of the following statements is correct?
* The kinetic energy of the ball is the greatest at the maximum height.
* The total energy of the ball is constant throughout the motion.
* The potential energy of the ball remains constant throughout the motion.
* The momentum of the ball remains constant throughout the motion.

viii) The transverse nature of light wave is proved by:
* Diffraction
* Interfere
* Because intensity obeys inverse square law
* Polarization

ix) A cyclist, cycling around a circular racing track, skids because:
* The limiting friction is less than the required centripetal force
* The limiting friction is grater than the required centripetal force
* The limiting friction is equal to the centripetal force
* The friction between the tyres of the cycle and road vanishes

x) Sound wave is set up in a long tube, closed at one end. The length of the tube is so adjusted that the sound from the tube is loudest. The nature of the sound wave in the tube is:
* Longitudinal and progressive
* Longitudinal and stationary
* Transverse and progressive
* Transverse and stationary

xi) Diffraction of sound is commonly observed in daily life than diffraction of light waves. This is so because:
* Sound waves are longitudinal and light waves are transverse
* Sound waves are transverse and light waves are longitudinal
* Wavelength of sound waves is smaller than that of light waves
* Wavelength of sound waves is greater than that of light waves

xii) A simple pendulum sets into vibrations freely, eventually comes to rest after sometime. Because of friction of air on bob:
* The amplitude of oscillations gradually increases.
* The motion of oscillations gradually decreases.
* The amplitude of oscillations gradually decreases.
* The motion of oscillations gradually increases.

xiii) We keep our legs far apart when we have to stand on the floor of a moving train in order to:
* produce the state of neutral equilibrium
* produce the state of stable equilibrium
* stand easily and comfortably
* produce inertia

Continued on the next page................

بورڈ آف انٹر میڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹر میڈیٹ ایگزامینیشن ۲۰۱۷ء (سالانہ)

ماڈل پیپر طبیعیات (پرچہ اوّل)

وقت: ۲۰ منٹ — کل نشانات: ۱۷

(سائنس گروپس)

حصہ 'الف' (کثیر الانتخابی سوالات - M.C.Qs.)

نوٹ: (i) اس حصہ میں سترہ جزوی سوالات ہیں۔ تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں اور ہر سوال کا ایک نمبر ہے۔

(ii) سوال یا اس کا جز و امتحانی کاپی میں نقل نہ کیجیے۔ سوال کے اصل نمبر اور جز و کے سامنے مکمل جواب تحریر کیجیے۔

(iii) سائنٹیفک کیلکولیٹر کے استعمال کی اجازت ہے۔ تمام علامات اپنے عام معنی میں استعمال ہوئی ہیں۔

۱۔ دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب منتخب کیجیے:

(i) اگر ایک ویکٹر A، xy مستوی میں ہو اور y محور کے ساتھ زاویہ θ بنا رہا ہو تو اُس کا 'y' جز و ہوگا:

☆ $Ay = A\cos\theta$ ☆ $Ay = A\sec\theta$ ☆ $Ay = A\sin\theta$ ☆ $Ay = A\tan\theta$

(ii) دو قوتیں جو جفت بناتی ہیں.

☆ ایک معادل قوت سے تبدیل کی جاسکتی ہے ☆ ایک معادل قوت سے تبدیل نہیں کی جاسکتی۔

☆ ایک دوسرے پر عمودا ہوتی ہیں ☆ ایک دوسرے کے متوازی ہوتی ہیں

(iii) ایک نٹ یا بولٹ کسنے کے لئے چھوٹے ہاتھ والے پانے (spanner) کی نسبت لمبے ہاتھ والا پانا استعمال کرنا بہتر ہے کیونکہ:

☆ استعمال کرنے والے کو کم قوت لگانی پڑے گی ☆ رگڑ کی قوت کم ہو جاتی ہے۔

☆ پانے (spanner) پر گردش کی کم قوت لگانے پڑے گی ☆ رگڑ کی قوت زیادہ ہو جاتی ہے۔

(iv) خلائی جہاز میں زمین کے گرد چکر لگانے کے دوران خلانورد کی بیلٹ اچانک کھل جائے تو خلانورد:

☆ زمین پر گرے گا ☆ خلائی جہاز میں ہی رہے گا ☆ باہر خلا میں آجائے گا ☆ زمین کے گرد چکر لگائے گا

(v) ایک لڑکا آزادی سے گرنے والے جسم کے اسراع کی پیمائش کے لیے تجربہ کر رہا ہے۔ یہ ابعاد درکار ہوں گے:

☆ گرنے کا وقت اور جسم کی بلندی ☆ جسم کا وزن اور بلندی ☆ جسم کی کمیت اور بلندی ☆ جسم کی کمیت اور گرنے کا وقت

(vi) یکساں کمیت m کے دو کُرّے رفتار v سے ایک دوسرے کی جانب آرہے ہیں۔ ان کُرّوں کا لچکدار تصادم ہوتا ہے:

☆ کُرّے تصادم کے دوران ایک ساتھ رہتے ہیں ☆ تصادم کے بعد کل حرکی توانائی $\frac{1}{2}mv^2$ ہوگی

☆ تصادم سے پہلے کل حرکی توانائی صفر ہوگی ☆ تصادم سے پہلے معیار حرکت $2mv$ ہوگی

(vii) ایک لڑکی ایک گیند عموداً اوپر کی جانب پھینکتی ہے، ہوا کی مزاحمت کو نظر انداز کرتے ہوئے یہ بیان درست ہے:

☆ انتہائی بلندی پر گیند کی حرکی توانائی زیادہ سے زیادہ ہوگی۔ ☆ گیند کی مجموعی توانائی حرکت کے دوران یکساں رہے گی۔

☆ گیند کی مخفی توانائی حرکت کے دوران ہر مقام پر یکساں رہے گی۔ ☆ گیند کا معیار حرکت، حرکت کے دوران ہر مقام پر یکساں رہے گا۔

(viii) روشنی کی موجوں کے عرضی ہونے کا تجرباتی ثبوت ہے:

☆ انکسار ☆ تداخل ☆ کہ شدت، معکوس مربع کے قانون پر عمل کرتی ہے۔ ☆ تقطیب

(ix) ایک سائکلسٹ دائروی راستے پہ چلتے ہوئے گر جاتا ہے کیونکہ

☆ اُس پہ عمل کرنے والی مرکز مائل قوت انتہائی رگڑ سے کم ہوتی ہے۔ ☆ اُس پہ عمل کرنے والی مرکز مائل قوت انتہائی رگڑ سے زیادہ ہوتی ہے۔

☆ اُس پہ عمل کرنے والی مرکز مائل قوت انتہائی رگڑ کے برابر ہوتی ہے۔ ☆ سائیکل کے ٹائروں اور سڑک کے درمیان رگڑ ختم ہو جاتی ہے۔

(x) آواز کی موج ایک بند لمبی ٹیوب میں پیدا کی گئی ٹیوب کی لمبائی اس طرح ترتیب دی گئی کہ آواز بلند ترین سنائی دے ٹیوب میں آواز کی موج کی ہیئت ہے:

☆ طولی اور آگے بڑھنے والی ☆ طولی اور ساکن ☆ عرضی اور آگے بڑھنے والی ☆ عرضی اور ساکن

(xi) روزمرہ زندگی میں روشنی کے انکسار سے زیادہ آواز میں انکسار پایا جاتا ہے کیونکہ:

☆ آواز کی موجیں طولی ہیں اور روشنی کی موجیں عرضی ☆ آواز کی موجیں عرضی ہیں اور روشنی کی موجیں طولی

☆ آواز کی موجوں کا طول موج روشنی کی طول موج سے کم ہوتا ہے ☆ آواز کی موجوں کا طول موج روشنی کے طول موج سے زیادہ ہوتا ہے

(xii) ایک سادہ پینڈولم کو آزادانہ دوری حرکت کرنے کی اجازت دی جاتی ہے تو وہ کچھ ہی دیر کے بعد رُک جاتا ہے کیونکہ:

☆ گولے پر ہوا کی مزاحمت کی وجہ سے دوری حرکت کے حیطہ میں بتدریج اضافہ ہو جاتا ہے ☆ گولے پر ہوا کی مزاحمت کی وجہ سے پینڈولم کی دوری حرکت کم ہو جاتی ہے

☆ گولے پر ہوا کی مزاحمت کی وجہ سے دوری حرکت کے حیطہ میں بتدریج کمی واقع ہو جاتی ہے ☆ گولے پر ہوائی مزاحمت کی وجہ سے پینڈولم کی دوری حرکت میں اضافہ ہو جاتا ہے

(xiii) ایک متحرک ٹرین کے اندر فرش پر کھڑا ہونے کے لیے ہمیں اپنی ٹانگوں کے درمیان فاصلہ زیادہ رکھنا پڑتا ہے:

☆ نیوٹرل توازن حاصل کرنے کے لیے ☆ استقرار حاصل کرنے کے لیے ☆ باآسانی اور آرام کے ساتھ کھڑا ہونے کے لئے ☆ جمود پیدا کرنے کے لیے

(xiv) دوہرے شگاف والے تجربے میں بنفشی روشنی استعمال کرتے ہوئے دھاریوں کے درمیان فاصلہ بڑھانے کے لئے:

☆ پردے اور شگاف کے درمیان فاصلہ کم کیا جاتا ہے ☆ شگافوں کے درمیانی فاصلہ کو بڑھایا جاتا ہے

☆ شگافوں کی چوڑائی میں اضافہ کیا جاتا ہے ☆ یک رنگی سرخ روشنی کو استعمال کیا جاتا ہے

(xv) خوردبین میں دہانے کا عدسہ:

☆ زیادہ طول ماسکہ اور استدقاقی خصوصیات کا حامل ہوتا ہے۔ ☆ درمیانی طول ماسکہ اور اتساعی خصوصیات کا حامل ہوتا ہے

☆ بہت کم طول ماسکہ اور استدقاقی خصوصیات کا حامل ہوتا ہے ☆ درمیانی طول ماسکہ اور استدقاقی خصوصیات کا حامل ہوتا ہے

(xvi) یہ ممکن ہے کہ ہم کسی انسان کو آواز سن کر پہچان سکتے ہیں چاہے وہ کسی دیوار کی پیچھے ہی کیوں نہ چھپا ہوا ہو۔ ایسا اس لیے ہے کہ اسکی آواز:

☆ ایک مخصوص پچ کی حامل ہوتی ہے ☆ ایک مخصوص کوالٹی کی حامل ہوتی ہے ☆ ایک مخصوص بلندی کی حامل ہوتی ہے ☆ دیوار میں سے گزر سکتی ہے

(xvii) ایک مستقل کمیت کا جسم اسراع پذیر ہوتا ہے۔ قوت کے لیے درج یہ بیان صحیح ہے۔

☆ وقت کے لحاظ سے اس میں یکساں اضافہ ہوگا ☆ مستقل ہوگی لیکن صفر نہیں ہوگی

☆ ایک مخصوص نقطے سے ہٹاؤ کے راست متناسب ہوگی ☆ ولاسٹی کے راست متناسب ہوگی

---

xiv) To increase the separation between fringes in a double slits experiment when violet light is used, this should be done:

- the distance between the screen and the slits be decreased.
- the distance between the two slits be increased.
- the width of each slit be increased.
- a monochromatic source of red light be used.

xv) The objective lens of a microscope is of:

- Large focal length and converging properties
- Short focal length and diverging properties
- Very short focal length and converging properties
- Equal to eye pice focal length and converging properties

xvi) It is possible to recognize a person by hearing his voice even if he is hiding behind a solid wall. This is because his voice:

- has a definite pitch
- has a definite quality
- has a definite loudness
- can pass through the wall

xvii) A body of constant mass has constant acceleration the correct statement for force is:

- It increases uniformly with respect to time
- It is constant but not zero
- It is proportional to the displacement from a fixed point
- It is proportional to the velocity

---------------xxxxxxxxxx---------------

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, KARACHI

INTERMEDIATE EXAMINATION, 2017 (ANNUAL)

Time: 2 hours 40 minutes **(Model Question Paper) PHYSICS PAPER – I** Max. Marks: 68

SECTION 'B'

(SHORT-ANSWER QUESTIONS) (40 Marks)

NOTE: Attempt any **Ten** part questions from this section. All questions carry equal marks. The use of scientific calculator is allowed. All notations are used in their usual meanings. Draw diagram where necessary.

2. i) The ratio of the acceleration due to gravity inside a deep mine and that on the surface of the earth is 0.99. Find the depth of the mine, assuming that the density of the earth is uniform throughout and the radius of the earth is 6300km.

ii) A 100 cm long string vibrates in 4 loops at 50 Hz. Linear density of the string is 0.0004 gm / cm. Calculate the tension in the string.

iii) What is meant by Shock waves? What will happen if:
a) The speed of source of sound equals the speed of sound?
b) The speed of source is grater than the speed of sound?

iv) Find the magnitude of the area of a triangle whose two sides are represented by $\overline{A} = 6\hat{i} - 2\hat{j} + 3\hat{k}$ & $\overline{B} = \hat{i} + 2\hat{j} - 2\hat{k}$.

v) When an aircraft is moving in a horizontal plane at a constant speed of 650 m/s and its turning circle has a radius of 80km.What is the ratio of the centripetal force to the weight of the aircraft?

vi) A boy drops a metal ball from rest on sand. It hits the sand bed in one second and makes an impression of maximum depth 8.0 mm in the sand. What is the average deceleration of the ball as it hits the sand? Assume air resistance is negligible.

vii) A diffraction grating is ruled with 600 lines per millimetre. When monochromatic light falls normally on the grating, the second order diffraction is obtained at an angle of 15 degree with the normal to the grating. What is the frequency of the light?

viii) A rickshaw driver moving with a speed of 36 km/h, notices a child standing in the middle of the road and brings his rickshaw to rest in 4 sec, just in time to save the child. What is the average retarding force on the rickshaw? The mass of the rikshaw is 400 Kg and the mass of the driver is 65 Kg.

ix) An automatic gun fires 'n' bullets with a speed of 1800m/sec in 3 seconds. The mass of each bullet is 25 gram. If 450N force is required to hold the gun in position, find the number of bullets fired in each second.

x) A particle of mass 'm' is located at the vector position $\vec{r}$ and has a linear momentum $\vec{p}$. The vectors $\vec{r}$ and $\vec{p}$ are nonzero. If the particle moves only in y-z plane. Prove that $L_y = L_z = 0$ and $L_x \neq 0$

xi) What is meant by plane polarization of light? How does this phenomenon explain that light waves are transverse in nature?

xii) What is the centre of mass? In what way does the centre of gravity coincide with the centre of mass?

xiii) Why do the edges of a thin film appear dark when illuminated by monochromatic light?

xiv) Two forces F_1 and F_2 are acting on a body, the angle between them is θ. Assuming that F_1 is acting along X–axis, prove that the magnitude of resultant force F is equal to

$$F = \sqrt{F_1^2 + F_2^2 + 2F_1F_2\cos\theta}$$

xv) Write the differences between transverse and longitudinal waves.

SECTION 'C'

(DETAILED-ANSWER QUESTIONS) Max Marks: 28

NOTE: Attempt any **Two** questions from this section. All questions carry equal marks. Draw diagrams, where necessary.

3. a) A bob of mass m is attached to one end of an elastic, inextensible string which hangs vertically from a rigid support. Whe[n] it is displaced from its mean position, show that it executes S.H.M. Derive the expression for its frequency.

b) What is interference of light? Explain Thomas Young's experiment for the determination of wavelength of monochromatic light for bright fringes.

4. a) An object is placed within the focal length of a convex lens. Derive the formula for its magnifying power.

b) A bullet of mass m is fired from a gun at angle θ w.r.t. x–axis with velocity v. Derive the formula for its total time of flight and horizontal range.

5. a) A body from a point in the gravitational field is moved slowly to infinity. What kind of energy will be stored in the System? Derive the relevant formula.

b) Two bodies of masses M & m are connected to the ends of a string passing over a frictionless pulley such that the two bodies are moving vertically. Derive the expressions for
(i) the acceleration of the bodies
(ii) the tension in the string.
What will be acceleration of the bodies, if M=3m?

---------------XXXXXXXXX---------------

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ۲۰۱۷ء (سالانہ)

وقت : ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ — **ماڈل پیپر طبعیات (پرچہ اوّل)** — کل نشانات : ۶۸

(سائنس گروپس)

نوٹ: سائنٹفک کیلکولیٹر کے استعمال کی اجازت ہے۔تمام علامات اپنے عام معنی میں استعمال ہوئی ہیں۔

حصہ 'ب' (مختصر جواب کے سوالات) — نشانات:۴۰

نوٹ: کسی بھی دس جزوی سوالوں کے جوابات تحریر کیجئے۔تمام سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

۲۔ (i) ایک گہری کان کے اندر کے ثقلی اسراع اور سطح زمین کے ثقلی اسراع میں تناسب 0.99 ہے۔یہ فرض کرتے ہوئے کہ زمین کی کثافت یکساں ہے اور زمین کا نصف قطر 6300 کلومیٹر ہے۔ کان کی گہرائی معلوم کیجئے

(ii) 100 سینٹی میٹر لمبی ڈوری 50 ہرٹز پر 4 حلقوں میں مرتعش ہے۔ڈوری کی خطی کثافت 0.0004 گرام فی سینٹی میٹر ہے۔ڈوری میں تناؤ کی قیمت معلوم کیجئے۔

(iii) اگر آواز کے منبع کی رفتار آواز کی رفتار کے برابر ہو اور منبع کی رفتار آواز کی رفتار کے ساتھ بڑھے تو کیا ہوگا؟

(iv) جب $\overline{B} = \hat{i} + 2\hat{j} - 2\hat{k}$ اور $\overline{A} = 6\hat{i} - 2\hat{j} + 3\hat{k}$ ایک مثلث کے دو اضلاع کو ظاہر کریں تو مثلث کے رقبے کی عددی قیمت معلوم کیجئے۔

(v) جب ایک طیارہ افقی سطح پر 650 میٹر فی سیکنڈ کی یکساں رفتار سے متحرک ہو اور اُس کے موڑ کاٹنے کے دائرے کا نصف قطر 80 کلومیٹر ہو تو مرکز مائل قوت اور طیارے کے وزن کے درمیان تناسب کیا ہے؟

(vi) ایک لڑکا ساکن دھاتی گیند کو ریت پر گراتا ہے۔گیند ریت کی تہہ سے ایک سیکنڈ بعد ٹکراتی ہے اور ریت میں نقش زیادہ سے زیادہ 8.0 ملی میٹر گہرا ہوتا ہے۔گیند کے ریت سے ٹکرانے کے بعد اوسط ابطاع کی قیمت کیا ہوگی؟ فرض کیجئے ہوا کی مزاحمت نہ ہونے کے برابر ہے۔

(vii) ایک انکساری جالی میں 600 خطوط فی ملی میٹر ہیں۔جب یک رنگی روشنی عمودی خط کے ساتھ جالی پر پڑے تو 15 ڈگری کے زاویہ پر دوسرے آرڈر کا انکسار حاصل ہوتا ہے۔ روشنی کی فریکونسی کیا ہے؟

(viii) ایک رکشہ ڈرائیور 36 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار کی ساتھ آگے بڑھتے ہوئے سڑک کے وسط میں کھڑے ایک بچے کو دیکھتا ہے اور بچے کو بچانے کے لئے 4 سیکنڈ کے وقت میں اپنا رکشہ روک لیتا ہے۔رکشے پر اوسط ابطائی قوت کیا ہے؟ رکشہ کی کمیت 400 کلوگرام اور ڈرائیور کی کمیت 65 کلوگرام ہے۔

(ix) ایک خودکار بندوق 1800 میٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے n عدد گولیاں تین سیکنڈ میں فائر کرتی ہے۔ہر گولی کی کمیت 25 گرام ہے۔اگر بندوق کو اُسی جگہ پر رکھنے کے لئے 450 نیوٹن قوت درکار ہو تو ایک سیکنڈ میں فائر کی گئی گولیوں کی تعداد معلوم کیجئے۔

(x) کمیت 'm' کا ایک ذرہ پوزیشن ویکٹر $\vec{r}$ پر واقع ہے۔اور اس کا خطی مومنٹم ویکٹر $\vec{p}$ ہے۔ویکٹر $\vec{r}$ اور $\vec{p}$ غیر صفر ہیں۔اگر ذرہ صرف yz مستوی میں حرکت کرے تو ثابت کیجئے کہ: $Lx \neq 0$ اور $Ly = Lz = 0$ ۔

(xi) مستوی تقطیب سے کیا مراد ہے؟ یہ امر موجوں کے عرضی ہونے کی خصوصیت کی وضاحت کس طرح کرتا ہے؟

(xii) کمیت کا مرکز کیا ہے؟ کمیت کے مرکز پر کشش ثقل کا مرکز کس طرح منطبق ہوتا ہے؟

(xiii) یک رنگی دھار کی روشنی کی موجودگی میں باریک فلم کے کنارے تاریک کیوں نظر آتے ہیں؟

(xiv) دو قوتیں F_1 اور F_2 ایک ہی جسم پر عمل کر رہی ہیں، ان کے درمیان زاویہ θ ہے۔فرض کرتے ہوئے کہ قوت F_1 محور x پر عمل کر رہی ہے، ثابت کیجئے کہ حاصل ویکٹر کی عددی قوت F برابر ہے۔

$$F = \sqrt{F_1^2 + F_2^2 + 2F_1F_2\cos\theta}$$

(xv) طولی اور عرضی موجوں کے درمیان فرق تحریر کیجئے۔

حصہ 'ج' (تفصیلی جواب کے سوالات) — نشانات:۲۸

نوٹ:۔ اس حصہ سے دو سوالات حل کیجئے۔تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔جہاں ضروری ہو ڈایا گرام بنائیے۔

۳۔ (الف) کمیت m کے حامل ایک کروی گولے کو ایک لچکدار، ناقابل توسیع ڈوری سے عمودی لٹکایا گیا ہے جو ایک جامد سطح سے بندھی ہوئی ہے۔جب اُس کو مقام توازن سے ہٹایا جاتا ہے تو ثابت کیجئے کہ یہ سادہ ہم آہنگ حرکت انجام دیتا ہے۔اس کے تعدد کی مساوات اخذ کیجئے۔

(ب) روشنی کا تداخل کیا ہے؟ روشن حاشیوں کے لیے یک رنگی روشنی کی طول موج کی پیمائش کے لئے تھامس ینگ کے تجربہ کی وضاحت کیجئے۔

۴۔ (الف) ایک جسم محدب عدسے کے طول ماسکہ کے اندر رکھا ہوا ہے اسکی تکبیری طاقت کا کلیہ اخذ کیجئے۔

(ب) کمیت m کی حامل گولی x- محور کے ساتھ θ زاویہ بناتی ہوئی v ولاسٹی سے ایک بندوق سے (داغی) فائر کی گئی ہے۔اُس کی اُڑان کے کُل وقت کی پیمائش اور افقی حد کے لیے کلیہ اخذ کیجئے

۵۔ (الف) تجاذبی میدان کے ایک مقام سے لامحدود فاصلے کی طرف ایک جسم آہستہ آہستہ حرکت کر رہا ہے۔کس قسم کی توانائی جسم میں ذخیرہ ہوگی متعلقہ مساوات اخذ کیجئے۔

(ب) M اور m کمیتوں کے حامل دو اجسام ایک ڈوری کے دونوں سروں سے اس طرح بندھے ہوئے ہیں کہ ڈوری ایک بے رگڑ چرخی پر سے گزر رہی ہے اور دونوں اجسام عموداً حرکت کر رہے ہے مساوات اخذ کیجئے۔

۱) اجسام کے اسراع کے لئے ۲) ڈوری کے تناؤ کے لیے

اگر M=3m تو نظام اسراع کیا ہوگا؟

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, KARACHI

INTERMEDIATE EXAMINATION, (ANNUAL) 2017

Time: 20 minutes **MODEL QUESTION PAPER** Max. Marks: 17

PHYSICS PAPER – II

SECTION 'A'

(MULTIPLE CHOICE QUESTIONS) – (M.C.Qs.)

NOTE:
i) This section consists of 17 part questions and all are to be answered. Each question carries one mark.
ii) Do not copy the part questions in your answerscript. Write only the answer in full against the proper number of the question and its part.
iii) The use of scientific calculator is allowed. All notations are used in their usual meanings.

